پریس ریلیز

لاہور قلندرز ۔۔۔۔۔۔ دی بینک آف پنجاب

پاکستان سپر لیگ اپنے تیسرے سیزن کی جانب بڑھ رہی ہے اور لاہور قلندرز فرنچائز کے طور پر ابھر کر سامنے آرہے ہیں اور ان کی خدمات کو پورے ملک کی طرف سے سراہا جا رہا ہے۔ ان تمام سالوں میں لاہور قلندرز نے مضبوط تعلقات کی بنیاد رکھی۔ پاکستان سپر لیگ کے تیسرے سیزن میں دی بینک آف پنجاب نے لاہور قلندرز کی فیملی میں اسپانسرز کے طور پر شمولیت اختیار کی ہے۔ اس پارٹنرشپ کے ذریعے لاہور قلندرز کا مقصد ایک مثبت ردعمل حاصل کرنا اور پی ایس ایل کے تیسرے سیزن میں دونوں پارٹیز کا مل کر کرکٹ کی بحالی کے لئے جدوجہد کرنا ہے۔

دی بینک آف پنجاب (بی او پی) پی ایس ایل 2018 میں لاہور قلندرز کیساتھ پارٹنرشپ پر بہت پرجوش ہے۔ یہ ایک بے مثال پارٹنرشپ ہوگی کیونکہ لاہور پنجاب کا دارالحکومت اور بی او پی پنجاب کا معروف بینک ہے۔ لاہور قلندر ایک معروف برانڈ ہے جو کہ ہمیشہ سازگار تنظیموں کو مدعو کرتا ہے۔ قلندرز کے پرستاروں کی بڑی تعداد پاکستان اور پاکستان سے باہر بھی پائی جاتی ہے اس لحاظ سے لاہور قلندرز کیساتھ مارکیٹنگ پارٹنرشپ بی او پی کو ایک مثبت برانڈ کے طور پر سامنے لائے گی۔ پی ایس ایل کو دنیا بھر میں ٹیلی وژن سکرین پر دیکھا جاتا ہے اور بی او پی کیلئے اپنے برانڈ کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کا بہترین موقع ہے۔

بی او پی اور لاہور قلندر پی ایس ایل کے تیسرے سیزن کے بے تابی سے منتظر ہیں۔ یہ پارٹنرشپ پاکستان میں کرکٹ کے فروغ اور بحالی کیلئے اہم کردار ادا کرے گی۔ بی او پی اور لاہور قلندرز ایک مضبوط ٹیم کے طور پر سامنے آرہے ہیں جو کہ کئی سالوں تک پاکستان کیلئے قابلِ فخر ثابت ہونگے۔